نہ لاؤ کبھی یاس کی گفتگو ۔ کہ قرآں میں آیا ہے لا تقنطو!

پندرہ روزہ

THE MESSENGER

پیغامبر

مدیر: سہیل احمد

جلد ۱ ۔ ۱۸ اگست ۱۹۷۸ء ۔ ۱۴ رمضان ۱۳۹۸ھ ۔ شمارہ 10

وائٹ پیپر جھوٹ کا پلندہ ہے میں عدالت سے رجوع کروں گا۔ مخدوم امین

میں انتخابات میں بلا مقابلہ منتخب ہوا تھا۔ میرے بھائیوں اور دوستوں کے پاس بہت کاریں ہیں

وائٹ پیپر شائع کر کے قوم کا سرمایہ اور وقت ضائع کیا گیا ہے

قومی اتحاد کے رہنما ان ہی الزامات کے تحت کردار کشی کر چکے ہیں

کراچی ۔ پاکستان پیپلز پارٹی ۔ [illegible]

[illegible]

ہمارا بنیادی مقصد اقتدار ایسے لوگوں کو منتقل کرنا ہے جو ملک کو مستحکم اور جمہوری خطوط پر چلا سکیں۔ چیف مارشل لاء ایڈمنسٹریٹر کی تقریر

ہم اقتدار محفوظ ہاتھوں میں سونپ کر جانا چاہتے ہیں: ضیاء

مقصد یہ ہے کہ جب اقتدار منتخب افراد کو منتقل کیا جائے تو ملکی معیشت مستحکم بنیاد پر استوار ہو۔ اس مقصد میں برسوں نہیں مہینے لگیں گے

ملک کو داخلی اور بیرونی خطرات سے محفوظ رکھنا فوج کا فرض ہے

افسر مثالی کردار کا مظاہرہ کریں، قوم کی نظریں ان پر لگی ہوئی ہیں

کوئٹہ ۔ (اے پی پی) بری فوج کے سربراہ اور چیف مارشل لاء ایڈمنسٹریٹر جنرل محمد ضیاء الحق نے کہا ہے کہ ہم اقتدار محفوظ ہاتھوں میں سونپ کر جانا چاہتے ہیں ۔ [illegible]

چیف مارشل لاء ایڈمنسٹریٹر جنرل محمد ضیاء الحق ... [illegible] ... خطاب کر رہے تھے

راشدی اور ان کے بیٹے



راولپنڈی ۔ (اے پی ا) ۷۷ء کے انتخابات میں دھاندلی کے بارے میں آج جو قرطاس ابیض شائع ہوا ہے اس کے ساتھ بہت سے ضمیمے شامل کئے گئے ہیں۔ ان میں ایک عجیب خط ہے جو وزارت اطلاعات کے مشیر پیر علی محمد راشدی نے وزیر اعظم کو بھیجا تھا۔ اس میں مسٹر راشدی نے کہا ہے کہ ... [illegible]

قرطاس ابیض کے چند خاص خاص باتیں

راولپنڈی ۔ (اے پی پی) عام انتخابات منعقدہ ۱۹۷۷ء کے بارے میں ... [illegible]

پیپلز پارٹی کی شکست کو خوشی سے قبول کیا جائیگا

انتخاب کے لئے مثبت نتیجہ کی شرط غیر جمہوری ہے۔ نوابزادہ نصر اللہ

لاہور ۔ (اے پی پی) پاکستان ڈیموکریٹک پارٹی کے صدر اور قومی اتحاد کے نائب صدر نوابزادہ نصر اللہ خان نے کہا ہے کہ حکومت کو بلدیاتی اداروں کے انتخابات کی بجائے ملک میں عام انتخابات کرانے پر سب سے زیادہ توجہ دینی چاہئے تاکہ عوام کے منتخب نمائندوں کو حکومت سنبھالنے اور عوام کے مسائل حل کرنے کا موقع مل سکے۔ یہاں ہائی کورٹ بار ایسوسی ایشن کے ... [illegible]

بلدیاتی انتخابات کرانا صوبوں کی ذمہ داری ہے مرکز کی نہیں

بھٹو کی قمیض پر قوم کے خون کے دھبے

لاہور ۔ (اے پی پی) وفاقی وزیر صحت چوہدری ظہور الٰہی ... [illegible]

اندرا کو پاسپورٹ جاری نہیں کیا جائیگا

نئی دہلی ۔ [illegible]

1. WRITERS:

The following well-known writers and columnists are proposed to be engaged for this period. They will be required to write articles as well as pamphlets and write-ups for posters, etc. They will live in Rawalpindi/Islamabad and will be paid the amounts mentioned against their names :-

(a) ENGLISH:

1.	Mr. Mohammad Idrees, Features Editor, Pakistan Times.	Rs.3000/- p.m.

(b) URDU.

1.	Mr. Ibrahim Jaloes, Karachi.	Rs.3000/- p.m.
2.	Mr. Hanee Rami, Lahore.	Rs.3000/- p.m.
3.	Mr. Nasir Naji, Lahore.	Rs.3000/- p.m.
4.	Mr. Zahur-ul-Hasan Bhor, Lahore.	Rs.3000/- p.m.

پیپلز پارٹی نے انتخابی پروپیگنڈے کے لئے صحافیوں اور دانشوروں کی خدمات بھاری رقوم کے عوض حاصل کی تھیں

راولپنڈی میں مزدوروں کا مظاہرہ

راولپنڈی ۔ آج یہاں محنت کشوں کی متحدہ مجلس عمل کے زیر اہتمام مزدوروں نے واپڈا ہاؤس کے دفتر پر زبردست مظاہرہ کیا۔ انہوں نے مزدور اتحاد کے نعرے لگائے اور گرفتار مزدوروں کی رہائی کا مطالبہ کیا۔ انہوں نے جلوس بند کرنے اور انتخابات کرانے کے نعرے بھی لگائے۔ مجلس عمل نے اعلان کیا ہے کہ وہ اسی طرح مظاہرے جاری رکھے گی۔

IATA

خوش قسمت ہیں وہ

جنہیں

حج اکبر

نصیب ہو

سفر حج کے مکمل انتظامات کیلئے ہم سے رجوع کریں۔ ہر سال کی طرح اس سال بھی ہم آپ کی خدمت کیلئے حاضر ہیں۔

ہمارا مقصد بہترین سروس ہے

تفصیلات کے لیے رجوع فرمائیے

کیپٹل ٹریول و ٹریڈرز

CAPITOL TRAVEL

THE LARGEST PAKISTANI TRAVEL AGENCY

AND

CAPITOL TRADERS

THE LARGEST AND OLDEST PERSONAL EXPORTERS

FOR BEST SERVICE, CHEAPEST FARES, AND
A FREE COPY OF OUR PERSONAL EXPORT CATALOGUE
OF ELECTRICAL APPLIANCES, CARS, TRACTORS, ETC.
PLEASE CALL OUR OFFICE TODAY.

741 Broadview Ave., Suite 306
Toronto, Ont. M4K 3Y3
Tel. 465-5411

ONTARIO TRAVEL INDUSTRY CONFERENCE

WINDSOR: (519) 256-0664
PHILADELPHIA: (215) 546-7670
DETROIT: (313) 963-3066
COLUMBUS (Ohio): (614) 268-9756
KARACHI: 61 44 68

برطانوی وزیر خارجہ اور وزیر داخلہ سے جنرل چشتی کے اہم مذاکرات

انگلستان میں مقیم پاکستانیوں اور آزاد کشمیر کے باشندوں کے مختلف مسائل پر تبادلہ خیالات ہوا

موجودہ حکومت ملائیت قائم کرنے کا کوئی ارادہ نہیں رکھتی

اسلامی مملکت ملائیت ہوہی نہیں سکتی۔ لندن میں پاکستان سوسائٹی کے ظہرانے سے خطاب

پاکستان کے عوام اپنی زندگیوں کو اسلام کے زریں اصولوں کے مطابق ڈھالنا چاہتے ہیں

لندن
پاکستان کے وفاقی وزیر اسٹیبلشمنٹ و امور کشمیر لیفٹیننٹ جنرل فیض علی چشتی نے آج برطانوی وزیر خارجہ ڈاکٹر ڈیوڈ اوون سے ملاقات کی اور ان سے باہمی دلچسپی کے امور پر تبادلہ خیال کیا ...

[illegible]

4. The issues which have arisen and which will arise fall into the following categories:-

(1) Further Reforms.

(2) Preparing necessary material to answer criticism.

(3) To deal with various types of attacks. Action to haul up aggressive politicians, and handle businessmen and retired Government servants under Income Tax Act and Foreign Exchange Regulation Act should be considered

5. Apart from economic and social reforms the

پیپلز پارٹی کی حکومت نے انتخاب جیتنے کے لئے ... ان میں سے ایک یہ بھی تھا کہ مخالف سیاستدانوں، تاجروں اور ریٹائرڈ سرکاری ملازموں کو انکم ٹیکس اور زر مبادلہ کے قوانین کے تحت مقدمات میں ملوث کیا جائے ... باقاعدہ ایک خفیہ مراسلہ جاری کیا گیا ...

قرطاس ابیض ایک ڈرامہ

[illegible]

بیگم نصرت بھٹو راولپنڈی پہنچنے پر بیہوش ہوگئیں

طبی امداد کے بعد طبیعت بحال ہوئی۔ جیل میں بھٹو اور دیگر نظربندوں سے ملاقات

راولپنڈی
[illegible]

ہم سیاسی پارٹی نہیں بنائیں گے

[illegible]

بھٹو سے رانی کے رابطے

[illegible]

بھوک ہڑتالی گرفتار

[illegible]

ڈاکٹر نرگس اب بھی اعجاز کی بیوی کہلاتی ہیں

[illegible]

RECEIPT

Received a sum of Rs.15,000/- (Rupess fifteen thousand only) in cash from Prism Minister's Secretariat for a special job.

(signature)

Rawalpindi,
the 7th February, 1977/

(SAHIBZADA NAZAR DIWAN)

صاحبزادہ نذر دیوان نے ۱۵ ہزار روپے وصول کر کے رسید لکھ دی

پندرہ روزہ

پیغامبر

اسکاربورو (کینیڈا)

بسم اللہ الرحمن الرحیم

۱۴ اگست یوم آزادی

پاکستان کا قیام تحریک پاکستان کی منزل نہ تھی بلکہ منزل تک پہنچنے کا ذریعہ تھی اور منزل یہ تھی کہ پاکستان کو عہد جدید کے تقاضوں کے مطابق اسلام کی تجربہ گاہ بنایا جائے گا۔ تحریک پاکستان کے دو اہم بنیادی اور زریں اصول تھے جن سے قیام پاکستان کے بعد انحراف کیا گیا۔ پہلا اصول وہ تھا جسے قائد اعظم نے ۱۹۴۳ء میں ملت کو آگاہ کر دیا تھا۔ انہوں نے فرمایا: "میں چاہتا ہوں کہ ان تمام جاگیرداروں اور سرمایہ داروں کو خبردار کر دوں جو نہایت ہی ناقص انگریزی نظام کی بدولت ہمیں چوس رہے ہیں۔ وہ نظام جو اس قدر ناقص اور ایسا تباہ کن ہے کہ اس نے ان لوگوں کو اتنا خود غرض بنا رکھا ہے کہ جن سے معقولیت کی توقع رکھنا ہی مشکل ہو گیا ہے۔ عوام کا استحصال ان کے خون میں سرایت کر چکا ہے اور وہ اسلام کی تعلیم فراموش کر بیٹھے ہیں۔ ہماری ملت کے کروڑوں افراد ایسے ہیں جن کو ایک وقت کا کھانا نصیب نہیں ہے۔ کیا اسی کا نام تمدن ہے؟ کیا یہی ہے مقصود پاکستان کا؟ اگر پاکستان کا یہی تصور ہو تو ایسا پاکستان مجھے مطلوب نہیں۔ اگر سرمایہ دار اور زمیندار عقلمند ہیں تو وہ نئے حالات کے مطابق خود کو ڈھال لیں گے۔ اگر وہ ایسا نہیں کرتے تو پھر خدا ان پر رحم کرے، ہم ان کی کوئی مدد نہیں کر سکتے۔" قیام پاکستان

کی دوسری بنیاد وہ رشتہ ہے جس سے منسلک ہو کر تمام مسلمان جسد واحد کی طرح رہیں۔ تقسیم ہند کی ضرورت کیوں پیش آئی۔ اس کی وجہ نہ ہندوؤں کی تنگ نظری ہے نہ ہی انگریزوں کی چال بلکہ یہ اسلام کا بنیادی مطالبہ تھا۔ مسلمانوں کی قومیت کی بنیاد کلمہ توحید ہے۔ وطن نہیں اور نسل بھی نہیں۔ قائد اعظم نے سچ فرمایا تھا "وہ کون سی چٹان ہے جس پر ملت کی عمارت استوار ہے، وہ کون سا لنگر ہے جس سے اس امت کی کشتی محفوظ کر دی گئی ہے، وہ رشتہ، وہ چٹان اور وہ لنگر خدا کی کتاب قرآن کریم ہے۔" پاکستان نہ تو سرمایہ داری اور جاگیرداری نظام کے قیام کیلئے بنا تھا اور نہ یہ ملک پاپائیت اور دہریت قائم کرنے کے لئے وجود میں آیا تھا۔ پاکستان صرف اسلام کا ضابطہ حیات رائج کرنے کیلئے بیشمار قربانیوں کے بعد قائم ہوا۔ ہمیں اپنی منزل پر پہنچنا ہے تو انہی زریں اصولوں کو اپنانا ہو گا۔ اگر انہی اصولوں کے مطابق پاکستان کو چلانے کی سعی و سعی ترکی جائے تو ہمارے حالات بہت بہتر ہو سکتے ہیں۔ یہ کام ہمارے ناخداؤں پر فرض ہے۔ دیکھیں یہ قرض کب اترتا ہے۔

نہیں ہے ناامید اقبال اپنی کشت ویراں سے
ذرا نم ہو تو یہ مٹی بڑی زرخیز ہے ساقی

یہ مت دیکھئے کہ آپ کتنا کھاتے ہیں
بلکہ یہ دیکھئے کہ آپ کیا کھاتے ہیں

تازہ حلال گوشت، سبزیاں اور خورد و نوش کی تمام اشیاء، انتہائی مناسب قیمت، صاف ستھری دوکان، مہذب ماحول سے آپ کی خدمت میں کوشاں

افرو ایشین فوڈ

Afro Asian Food
918 Pape Ave.
فون نمبر 463-1287

روسی وزیر اعظم کوسیگن نے پاکستان کے دورے کی دعوت منظور کرلی

کراچی کے فولاد کے کارخانے کیلئے روس مبادلہ کی تمام فوری ضروریات پوری کرنے کا اعلان

روسی حکام کا رویہ بڑا مفاہمانہ تھا۔ ماسکو سے واپسی پر غلام اسحاق خان کی صحافیوں سے بات چیت



امریکہ نیوٹران بم نہیں بنائے گا

روس اسلحہ کی دوڑ نہیں چاہتا۔ برزنیف

ماسکو (اے پی) سوویت یونین کے جنگی ہتھیاروں میں ... کی ضرورت ... اپنے ... کے ساتھ ... روس کو ... کی ... دشمنی کا رہا ہے۔

ارشاد ربانی ... کیپٹن ... بیگ

فرمان رسول صلی اللہ علیہ وسلم

یا ایھا الناس قد اظلکم شھر عظیم مبارک شھر فیہ لیلۃ خیر من الف شھر

برکتوں والا مہینہ

اے لوگو! تمہارے اوپر ایک بہت بڑا مہینہ سایہ ڈالنے والا (آنے والا) ہے۔ یہ بہت برکتوں والا ہے۔ اس مہینہ میں ایک رات (شب قدر) ایسے مرتبہ والی ہے جو ہزار مہینوں سے بڑھ کر ہے۔

منجانب

کیپٹل ٹریول

آپ کی اپنی ٹریول ایجنسی

نواب شاہ میں سیلاب سے دس افراد ہلاک

سانگھڑ ... مکانات گر گئے

راولپنڈی ... مقامات کا دورہ ... سیلاب ...

... کے برطانیہ میں قیام کی مدت میں توسیع

پشاور ... اپنے قیام کی مدت میں مزید دو ماہ کی توسیع کرالی ہے ... پاکستان آنے والے تھے

ٹالی کے ٹریبونل نے آزاد کشمیر کے سابق صدر سردار قیوم کو طلب کر لیا

سابق اسپیکر منظر مسعود کو بھی نوٹس، دونوں رہنماؤں کو ۳ اگست کو حاضر ہونے کا حکم

سردار قیوم اعتکاف میں ہیں۔ پیش نہ ہونے کی صورت میں یکطرفہ کارروائی ہوگی

مظفر آباد (اے پی پی) آزاد کشمیر ... ٹریبونل نے سابق صدر آزاد کشمیر سردار عبدالقیوم اور سابق اسپیکر ... منظر مسعود کو ...



کراچی کو ... ملین گیلن پانی ملے گا

کراچی ...

ایٹمی پلانٹ پاکستان کی سیاست میں ... کا مسئلہ بن گیا ہے — بی بی سی

لندن ... پاکستان ...

... صدر ترکیہ ہسپتال میں داخل ہوگئے

انقرہ (اے پی) ترکی کے صدر فخری کوروترک ...

... کیلئے ... کرنے کا فیصلہ ... ۲۵ روپے قیمت مقرر کر دی گئی

اسلام آباد (اے پی پی) ...

(212) 725-5630

ISP INDIA SARI PALACE INC.

182, MADISON AVENUE (CORNER 28th. ST.) NEW YORK, N.Y. 10016

INDIA SARI PALACE, INC.
37-10 74th St., Jackson Hts., N.Y. 11372

INDIA SARI PALACE, LTD.
2538 W. Devon Ave., Chicago, Ill. 60659
(312)338-2127

INDIA SARI PALACE
3272 Santa Monica Blvd. Los Angeles, Ca. 90046
(213) 656-1155

INDIA SARI PALACE, INC.
4033 Westheimer, Houston, Texas
(713) 965-0242

INDIA SARI PALACE LTD.
DETROIT (313) [illegible]

پیپلز پارٹی کے مخلص افراد کو اقتدار سونپنے میں ہمیں کوئی اعتراض نہیں ہوگا۔ مزاری

ہم نے مارشل لاء نہ کبھی قبول کیا ہے نہ کریں گے بلکہ اس سے ملک و قوم کو نقصان پہنچے گا

پشاور ...

... کی آمد

...

۱۴ اگست .... دلاور فگار

سو کا کچھ ہوا نہ ہوا ہی لاٹی ہوا کہ گنگس ہوں
اسی غرور سے جاگے ہیں سارے قوم پرست
یہی جناح اور اقبال کی تھا نصب العین
یہی کی یاد دہانی ہے آج چودہ اگست
یہ دن یہ جشن کا دن ہم کو ہے یہ سمجھاتا
خوشی مناؤ کہ .... آگے بڑھا ہیں جاتا

کیا آپ

[illegible]

PLEASE SUBSCRIBE TO THE MESSENGER,
A FORTNIGHTLY ENGLISH/URDU NEWSPAPER.

SUBSCRIPTION RATES :

- ☐ 1 YEAR .... $ 6.00
- ☐ 2 YEARS $10.00
- ☐ 6 MONTHS .... $ 4.00

The Messenger
FORTNIGHTLY NEWSPAPER
پیغامبر
7 DELANO PLACE No. 10
SCARBOROUGH, ONT., CANADA
M1N 1M3

NAME ....

ADDRESS ....

....

POSTAL CODE ....

TELEPHONE NO. ....

OUR REPRESENTATIVES AROUND THE WORLD

- Mr. Mohd. Hanif [illegible], Karachi, Pakistan
- Mr. [illegible] Akhtar, Hyderabad, Pakistan
- Mrs. [illegible] Agha, Lahore, Pakistan
- [illegible] Shah, Islamabad, Pakistan
- Mr. [illegible] Uddin, Delhi, India
- [illegible] Kumar, Bombay, India
- [illegible] Haider, Chicago, U.S.A.
- Mr. S. Khan, New York, U.S.A.
- Miss A. Khan, London, U.K.

تراشے

مرسلہ: نجمہ اختر

فنکار تو دکھ درد کا مرکب ہوتا ہے۔ وہ اپنے لئے کبھی زندہ نہیں رہتا۔ اس کی خواہشیں، اس کی روح ازل سے بیچین ہوتی ہے۔ وہ مذہب، کلچر اور تہذیب کی بنیادوں سے ہٹ کر اخوت اور محبت کے محل تعمیر کرتا ہے۔ جس میں ملن اور پیار کی روشنیاں ہوتی ہیں اور فنکار انہیں رنجشوں کے سیلاب میں بہتا چلا جاتا ہے۔ وہ جلتا ہے اور کسی سے کچھ نہیں کہتا۔ وہ لب سیتے ہی حرف شکایت زبان پر نہیں لاتا۔ یہی اس کے کردار کی عظمت ہے۔ اور یہی باتیں فنکار کو اوروں سے ممتاز کرتی ہے۔ یہی وجہ ہے کہ لوگ کہتے ہیں "فنکار کبھی نہیں مرتا"

میری کہانی میری زبانی

اصف جیسے ہو کہ جب انسان پیار کرتا ہے
تو اسے کسی اور سے نہیں اپنے مجازی
خدا کو دیکھتا ہے۔ اگر انسان کسی کی زندگی
برباد کر کے بھی کوئی بات نہیں ہے
تمہاری عزت کرتا ہوں تم کہیے اور
بیاہ کر لو تو کیا یہ مکاری نہیں ہے۔ ہم
بانو سنو اسے کھو جائے تو رکو ہے
درد کا ہوا خوف کب سے لے جاتا ہے میری
خوشیاں سب لے دیو درد ...... (شہلا)

[illegible]

تو کیا جانے تیرے پیار میں آج میری زندگی کس طرح موت و حیات کی کشمکش سے دوچار ہے!

[illegible]

میری کہانی میری زبانی
بقیہ
صفحہ ۱۸ پر ملاحظہ فرمائیے

آپ بیتی

آصف مرزا

[illegible]

ایک ہندوستانی روایت کے مطابق عورت کے
اجزائے ترکیبی یہ ہیں:

- چاندوں کی چاندنی کی چمک اور بہت کی شناخت
- بیلی کی نزاکت
- ہیرے کی سختی
- بچے کی سادگی
- سورج کی کرنوں کی شادابی
- گلاب کی پنکھڑی کی لطافت
- ہوا میں اپنے پر کی خوشبو
- گھوڑی کی شرارت
- ہرن کے بچے کا انداز
- چاند کے نرم اجالا
- شہد کی شیرینی
- طوطے کی بے زبانی اور بے وفائی
- مور کی خود پسندی
- سانپ کی لچک
- چیتا کا غصہ
- ناخن کی کٹائی

آئندہ شمارہ
عید نمبر ہوگا
پیغامبر کو اپنے دوستوں میں متعارف کرایئے

[illegible]

بیشتر مسلم ممالک باہمی اشتراک سے فلم سازی کرنے کے خواہشمند ہیں

— ہدایتکار ایس سلیمان

ترکی، افغانستان، ایران، بنگلہ دیش، مصر اور دیگر مسلم ممالک ایک دوسرے کے قریب آنے کے لیے باہمی اشتراک سے فلم سازی کو فروغ دینے کے خواہشمند ہیں۔ اس کا انکشاف فلم ساز و ہدایت کار ایس سلیمان نے حال ہی میں تاشقند کے بین الاقوامی فلمی میلے سے واپسی پر کیا ہے۔ انہوں نے کہا ہے کہ ساری دنیا میں آرٹ فلموں پر بہت زور دیا جا رہا ہے لیکن آرٹ فلمیں ابھی تجرباتی دور سے گزر رہی ہیں کیونکہ فلمی میلے کے دوران یہ منظر دیکھنے میں آیا ہے کہ کسی آرٹ فلم کو دیکھنے کے لیے سینما ہال شروع میں کھچا کھچ بھرا ہوتا ہے لیکن فلم کے اختتام تک سارا ہال خالی ہو جاتا تھا۔ ایسی صورت میں جب کہ خود تخلیق کار اپنی فلموں میں دلچسپی نہیں رکھتے تو پھر عوام الناس کو متاثر کرنے کی توقع کیسے پوری ہو سکتی ہے۔

فلمی میلے میں پیش کی جانے والی فلموں کے بارے میں ایس سلیمان نے اپنی رائے کا اظہار کرتے ہوئے کہا۔ ان فلموں میں امن و انسانیت کی فلاح کا جذبہ اور انسانی زندگی کے مختلف مسائل کی نشاندہی کی گئی تھی۔

شادی خانہ آبادی

رنگین فلم "انقلاب" کے تقسیم کار ادارے ایس ایم موویز کے روح رواں جناب چوہدری طاہر سلیم کے برادر نسبتی چوہدری محمود ادریس سلیم کے صاحبزادے چوہدری حیدر علی ایڈووکیٹ کی شادی خانہ آبادی گزشتہ دنوں دوبئی کے ممتاز تاجر ذکریا چوہدری کی صاحبزادی ثریا چوہدری کے ساتھ بخیر و خوبی انجام پائی۔ اس تقریب مسرت میں قریبی عزیز و اقارب کے علاوہ ضلعی انتظامیہ کے اعلیٰ افسران نے بھی شرکت کی۔



بینا اور رعنا ... پنجابی فلم "کلے دے ہنڈے" میں

"ادارکار طارق عزیز ..."

اداکار طارق عزیز ٹیلی ویژن کی دنیا ... کئی سال تک اپنی فنی کارانہ صلاحیتوں کے مظاہرے کے بعد ایک بار پھر فلمی دنیا کی طرف لوٹ آئے ہیں۔ ان کی ... آمد پر ... ہدایت کار ... اپنی فلم "نشانی" اور فلم ساز ... حسین ... پنجابی فلم "شعلہ" میں کاسٹ کر دیا ہے توقع ہے کہ ... بہت سے فلم ساز طارق عزیز کو اپنی فلموں میں کام دینے کی کوشش کریں گے۔ واضح رہے کہ طارق عزیز گزشتہ کئی سال سے پاکستان ٹی۔ وی کارپوریشن کے ... ٹی وی کا مقبول اور طویل ترین پروگرام "نیلام گھر" پیش کر رہے ہیں۔ اب وہ ... سیریز سے ہٹ کر فلم کی طرف لوٹ رہے ہیں اور ... اور فلم سازی کا سلسلہ بھی شروع کرنے کا ارادہ رکھتے ہیں۔

زین تاجک نے شادی کر لی

فلموں کی ابھرتی ہوئی فنکارہ زین تاجک نے کراچی کے ایک فلمی ہفت روزہ کی اطلاع کے مطابق گزشتہ دنوں خفیہ طور پر ٹی وی کے ایک ابھرتے ہوئے ... سے شادی کر لی۔ یہ شادی کراچی میں ہوئی۔ خبر میں یہ بھی بتایا گیا ہے کہ زین تاجک نے اپنے گھر والوں سے علیحدگی اختیار کر لی ہے اور ان دنوں وہ تنہا کوٹھی میں رہتی ہے۔

"کوکا" آخری مراحل میں

فلم ساز و ہدایت کار اسلم ڈار کی پنجابی فلم "کوکا" تازہ ترین اطلاعات کے مطابق آخری مراحل میں ہے۔ فلم کی نمائش بہت جلد متوقع ہے۔ اس فلم کے مکالمے ریاض الرحمٰن ساغر ہیں جب کہ نغمات کی دھنیں اور موسیقی ایم اشرف نے ترتیب دی ہے۔

اداکاروں میں یوسف خان، آسیہ، ... الیاس کاشمیری، نجمہ، حبیب، انجمن، ریحان، سلطان راہی ... سیما اور بابرا کے علاوہ مصطفیٰ قریشی "کوکا" کے ٹائٹل رول میں نمایاں ہیں۔

... دو بھائیوں کے پاس ٹھہرے ہوئے ہیں۔ بنگلہ دیش جانے سے پہلے انہوں نے اپنی فلم "ملن" کو مکمل کیا۔ ... کی عدم موجودگی میں یہاں پیش کی جائے گی یہ بھی پتہ چلا ہے کہ رحمان بنگلہ دیش میں اپنے ذاتی ادارے کے تحت فلم سازی کریں گے اور بنگلہ زبان میں فلمیں بنائیں گے۔

"پیلے بوائے" عید الفطر پر پیش ہو گی

فلم ساز و ہدایت کار نسیم آرا کی رنگین اردو فلم "پیلے بوائے" آخری مراحل میں ہے۔ مذکورہ فلم کو عید الفطر پر پیش کرنے کے پروگرام پر عمل ہو رہا ہے۔ اس فلم کا اسکرپٹ علی سفیان آفاقی نے تحریر کیا ہے۔ جب کہ نغمات کی دھنیں ایم اشرف نے مرتب کی ہیں۔ واضح رہے "پیلے بوائے" کی بیشتر فلم بندی لندن میں ہوئی ہے۔ فلم کے نمایاں کردار ندیم، رانی، بابرہ شریف، آصف، ہمایوں، نادیہ، فرزانہ، شفیع اور دانش نے ادا کیے ہیں۔ نادیہ نسیم آرا کی دریافت ہے۔

اقبال کاشمیری کی رنگین پنجابی فلم "غنڈی بدمعاش" کے افتتاح پر اتارا گیا گروپ فوٹو!

"غنڈی بدمعاش" کا افتتاح

پنجابی فلموں کے معروف ہدایت کار اقبال کاشمیری جو اردو فلموں کی طرف راغب ہو گئے تھے انہوں نے دوبارہ پنجابی فلمیں بنانے کا فیصلہ کیا ہے ان کی نئی پنجابی فلم "غنڈی بدمعاش" کا افتتاح گزشتہ دنوں فلم ساز و تقسیم کار راجہ غضنفر علی کے ہاتھوں ہوا۔ اس موقع پر گلوکار وجیہہ ... اور غلام عباس کی آوازوں میں افتتاحی نغمہ صدا بند کیا گیا۔ اس نغمے کی دھن کمال احمد نے تیار کی تھی۔ "غنڈی بدمعاش" کا اسکرپٹ حزیں قادری نے تحریر کیا ہے۔ جب کہ مرکزی کرداروں کے لیے سلطان راہی اور مصطفیٰ قریشی کا انتخاب ہو چکا ہے فلم بندی کا آغاز جلد ہو گا۔

کی موسیقی ... ترتیب دے رہے ہیں۔ بدر منیر، یاسمین خان، وحیدہ خان، نعمت سرحدی مرکزی کردار ادا کریں گے۔ جب معاون اداکاروں میں ... پروین ... بیسال، نسیم بیگم، نگینہ خانم، اقبال بخاری ... کے نام نمایاں ہیں۔

... اور پنجابی کی مقبول فنکارہ ... کی چھوٹی بہن ... فلمی دنیا میں داخل ہو گئی ہے۔ ... فلموں میں نیناں کے نام سے کام کرے گی ... پنجابی فلم "چوڑ ... آ چکا ہیں" ... کے لیے سائن کیا گیا ہے۔ ... ٹی وی ... کے معروف ہدایت کار ... کھیلوں میں ... سیریز میں ... بیں نیناں ... کے مطابق ... میں کامیابی حاصل کرے گی۔

مسرت شاہین اور آسیہ فلم بندی کے دوران زخمی ہو گئیں

فلم انڈسٹری کی دو مقبول اور معروف فنکارائیں مسرت شاہین اور آسیہ گزشتہ دنوں فلم بندی کے دوران زخمی ہو گئیں۔ آسیہ کو فلم ساز و ہدایت کار ... کی فلم ... کے دوران چوٹ لگی ڈاکٹروں نے انہیں کچھ روز آرام کرنے کا مشورہ دیا ہے جب کہ مسرت شاہین ... سے گر کر زخمی ہوئیں ... معمولی چوٹ آئی۔

صوفیہ لورین پر مقدمہ

عالمی شہرت یافتہ فنکارہ صوفیہ لورین اور اس کے خاوند کارلو پونٹی کے خلاف اٹلی کی ایک عدالت میں مقدمہ دائر ہو گیا ہے۔ ...

اداکار رحمان بنگلہ دیش چلے گئے

"درشن" اور "چاہت" کے شہرت یافتہ فلم ساز و ہدایت کار اداکار رحمان گزشتہ دنوں پاکستان کی شہریت ترک کر کے بنگلہ دیش چلے گئے ان کی یہ نقل مکانی بڑی خاموشی سے عمل میں آئی۔ معلوم ہوا ہے کہ ان کی بیوی اور بچے پہلے ہی بنگلہ دیش جا چکے ہیں۔ جہاں وہ رحمان کے

زمانہ حال کے نظارے!

جو بیٹی نکلا تو میرے حویلی پہ عند ... نکلا
... درد ... آج کا انسان نکلا
... کا عالم ... دیکھا ... کے آگے
... کہ یہاں خوش پوش بھی عریاں نکلا
ہم سمجھے تھے کہ ... مرتے ... مریں ...
جیتے لیتے ہوئے کمبخت پہلواں نکلا

کلام: اسماعیل ادیب

بے تکلف ... کا تحفہ ...
سامنے اس شوخ کے جو ... رکھ دیا
... نہ پایا ...
... نے ... رکھ دیا

کلام: ...

BOB Pedler
PEDLER REAL ESTATE LIMITED
"Put a lion on Your lawn"
وقت کی آواز

OFFICE: 966-3750
Raj Bedi
of the "Pedler People"
RESIDENCE: 966-4618
BOB PEDLER REAL ESTATE LIMITED
300 CABANA ROAD E. WINDSOR, ONTARIO

علی زیب

پچھلے دنوں علی زیب کی صاحبزادی ثمینہ علی کی شادی مخلوط الله گنڈاپور سے بڑی دھوم دھام سے ہوئی۔

اس تقریب کی جھلکیاں تصویروں کے حوالے سے آئندہ شمارے میں ملاحظہ کیجیے۔

سنگیتا — ایک ملاقات

"مٹھی بھر چاول" کی ہیروئن سے

ایک چادر میلی سی اردو کا ایک شاہکار ہے۔ مٹھی بھر چاول اسی ناولٹ پر مبنی ایک تخلیقی فلم ہے۔ ایک ایسی فلم جو ہماری فلموں سے بے حد مختلف ہے۔ [illegible]

مرتضیٰ کا گاؤں [illegible] خوشگی شروع کر دی [illegible]

قارئین نے اس فلم کو بے حد سراہا [illegible]

ایک بڑی فلم ہے۔ اور اس کا نام ہے کی [illegible] سنگیتا کو دل کھول کر داد دی جانی چاہئے۔

سنگیتا اور ندیم "مٹھی بھر چاول" میں

[illegible]

کرنے سے پہلے [illegible] انجن [illegible]

[illegible]

واجندر سنگھ بیدی نے ناولٹ فلمانے پر سنگیتا کا شکریہ ادا کیا اور داد دی

[illegible]

؟ پہچان پرے نام تو پہچان جائیے گا

کیا آپ اس اداکار یا اداکارہ کا نام بتا سکتے ہیں؟ اگر آپ نے صحیح نام بتا دیا تو ہم چھ ماہ کیلئے آپ کو پرچا مفت ارسال کرینگے۔

[illegible]

یہ تصویر

تیسری بار پیش کی جا رہی ہے۔ گزشتہ دو مقابلوں میں مجموعی طور پر [illegible] موصول ہوئے مگر کوئی صحیح حل [illegible] نہ تھا۔

آپ کی آسانی کیلئے اشارہ بتا رہے ہیں کہ

اس اداکار یا اداکارہ کا تعلق پاکستان سے ہے

نام میں "ب" اور "ق" آتا ہے۔

نوٹ: پہلے آئے ہوئے پانچ صحیح حل [illegible] اداکار یا اداکارہ کی دستخط شدہ تصویر تحفتاً پیش کی جائے گی۔

لاہور [illegible] نے اداکارہ [illegible] کے بلا ضمانت وارنٹ گرفتاری جاری کر دیئے ہیں۔ [illegible] شراب پی کر [illegible] کرنے کے مقدمہ میں [illegible] کی رپورٹ [illegible] کو [illegible] کے وارنٹ بلا ضمانت مقدمہ کی مقررہ تاریخ کو عدالت میں حاضر نہ ہونے کی بنا پر جاری کئے گئے ہیں۔

فلمی صنعت کے وفد کی حکام سے ملاقات!

[illegible]

سنگیتا چاہتی تھیں کہ وہ اس فلم کی شوٹنگ کسی حقیقی گاؤں میں کریں۔ [illegible]

[illegible]

[illegible]

چھپ چکا ہے آئندہ شمارہ

عید نمبر

اپنی کاپی محفوظ کرانے کیلئے آج ہی (416) 267-3006 پر فون کیجئے

وہ پاکستان کے بانی اور اس کی کشتی کے نڈر ملاح تھے

سید مصطفیٰ علی بریلوی

مشاہیر ملت کے کارناموں اور خدمات کا اعتراف کرنا زندہ قوموں کا شعار رہا ہے۔ پاکستان اپنے سب سے بڑے محسن حضرت قائد اعظم رحمتہ اللہ علیہ کا سالانہ یوم پیدائش ایک جذبے کے ساتھ منا رہا ہے ... [illegible]

قائد اعظم سے اپنی عقیدت ... [illegible]

... کی پرواہ کئے بغیر وہ سب کچھ کیا جو ایک ... کے واسطے ایک لیڈر کو کرنا چاہئے۔ ان کی سیاست ... بیانات دیتے، پھر پلٹ جاتے اور موقع پرستی ... نہیں تھی۔ وہ بہت کم بولتے اور بیانات دیتے تھے لیکن جو کچھ کہتے تھے بہت سوچ سمجھ کا نتیجہ ہوتا جس پر وہ مضبوط چٹان کی مانند جمے رہتے۔

قائد اعظم کی ابتدائی زندگی، عہد شباب اور ... پر بہت کچھ لکھا جا چکا ہے لیکن ان کے سیاسی کارناموں کے پس منظر اور پیش منظر کے سلسلے میں ابھی بہت کام باقی ہے۔ قائد اعظم کے ذاتی کاغذات اور دیگر دستاویزات کے ... ہو جانے کے بعد یقیناً اہل علم کو ایک نیا میدان ملے گا۔

قائد اعظم نے مسلم لیگ کے پلیٹ فارم سے ۱۹۴۰ء میں قیام پاکستان کا مطالبہ کیا۔ یہ مطالبہ کسی وقتی جذبے کے تحت نہیں تھا بلکہ ان کے پیچھے ... [illegible]

[illegible]

قائد اعظم کی خصوصیات

[illegible]

میری کہانی میری زبانی کا ...

[illegible]

قائد اعظم سنہ ۱۹۲۰ء میں پرچم بلند کر رہے ہیں

روزے کی معاشی حکمت عملی

روزہ کی افادیت کے جملہ حقیقی پہلو مثلاً اہمیت و ضرورت، اجر و ثواب، مسائل و احکام وغیرہ پر مستند لکھا جا چکا ہے اور پھر ہر سال اس ماہ مبارک کی آمد پر مختلف اہل علم و دانش مختلف انداز فکر سے اپنے رشحات قلم سے لوگوں کی تشنگی دور کرنے کی کوشش کرتے ہیں۔ روزہ عبادت بھی ہے اور ضرورت بھی

داستاں غم دل سب سے پرانی ہے مگر
پھر دل کے لئے ہر بار نئی ہوتی ہے

دراصل میں سمجھتا ہوں کہ یہ بھی رمضان المبارک کی برکت اور روزے ہی کا اعجاز ہے کہ ہر سال روایتی عنوانات کو نئے ذوق و شوق سے پڑھا اور اجر و ثواب کے لئے سنا جاتا ہے

روزہ کی مذہبی اور انفرادی حیثیت پر تو علمائے کرام ہی لکھتے ہیں اور لکھتے رہیں گے یہ انہی کا منصب ہے میں زیر نظر سطور میں روزہ کی معاشی حیثیت سے متعلق کچھ عرض کرنے کی جسارت محض اس لئے کر رہا ہوں کہ میرے اپنے خیال کے مطابق اس موضوع پر اول تو کچھ لکھا نہیں گیا یا پھر بہت کم لکھا گیا ہے کیونکہ اس عنوان پر اکثر و بیشتر فضائل، اجر و برکت اور مسائل و احکام پر ہی مشتمل ہوتے ہیں۔

نفلی تو کوئی ایک شہر بھی نہیں کہ وہ معاملہ اور مسئلہ کو اعتقاد و اعتقاد کی بجائے معیار عقل پر پرکھنا چاہیے ہیں۔ لہٰذا ایک معاشیات کے طالب علم کی حیثیت سے میں محض روزے کے معاشی افادیت کو زیر بحث لانا چاہتا ہوں۔

حضرت سلمان فارسی رضی اللہ عنہ کی ایک طویل روایت میں آیا ہے کہ نبی کریم صلعم نے ایک مرتبہ ماہ شعبان کی آخری تاریخ میں خطبہ دیا جس میں چند باتیں درج ذیل ہیں۔

اے لوگو! تم پر ایک عظیم الشان برکتوں والا مہینہ سایہ فگن ہونے والا ہے جس میں:

۱۔ نفل کا ثواب فرض کے برابر ہے اور فرض کا اجر و ثواب ستر گنا ملتا ہے۔

۲۔ یہ صبر کا مہینہ ہے اور صبر کا بدلہ جنت ہے۔

۳۔ مسلمانوں خصوصاً فقراء کے ساتھ مواسات و ہمدردی کا مہینہ ہے۔

۴۔ مومن کا رزق اس مہینہ میں بہت زیادہ ہو جاتا ہے۔

۵۔ کسی روزہ دار کے افطار کرانے والے کے گناہوں کی مغفرت ہو جاتی ہے۔ خواہ روزہ کا افطار

اسلام نے اگرچہ اس سلسلے میں کوئی حد مقرر نہیں کی ہے اسی لئے صحابہ کرام کے دریافت کرنے پر سورۃ البقرہ میں ارشاد فرمایا کہ جو زائد از ضرورت ہو وہ خرچ کر دیا جائے۔ مقصد یہ کہ دولت معاشرے کے چند ہاتھوں پر مرتکز ہو کر نہ رہ جائے۔

رسول اکرم صلعم کے مندرجہ بالا ارشاد کی معاشی حکمت عملی یہ ہے کہ دولت معاشرے میں منتشر رہے نہ کہ منجمد ہو جائے کیونکہ معاشرہ کی بگاڑ کی بنیاد ارتکاز دولت ہے اور اسلام نے اس بنیاد کو ہی ختم کر دیا ہے۔

اگرچہ سرمایہ دارانہ نظام کی بنیاد ہی ارتکاز دولت پر ہے۔ لیکن جب مشہور ماہر معاشیات لارڈ کینز (LORD KEYNES) نے بھی یہ کہا تھا کہ دولت کو معاشرے میں گردش کرتے رہنا چاہیے کیونکہ جب دولت معاشرے میں گردش کرے گی تو اس سے کاروبار میں بھی اضافہ ہو گا اور ملک کی مجموعی پیداوار میں اضافہ ہی ملکی معاشی بہتری کی ضمانت ہے۔

لیکن حکیم کائنات صلعم نے آج سے چودہ صدی قبل ہی اس مرض کا علاج اور نشاندہی کر دی تھی۔

اصحاب دولت سے رقم کا کچھ حصہ بصورت زکوٰۃ یا خیرات و امداد مستحقین کو میسر آتا ہے تو ان کی قوت خرید میں اضافہ ہو جاتا ہے لیکن کیونکہ یہ مناسب ہو گا کہ ان افراد میں قوت خرید پیدا ہو گی اور جب معاشرہ کے نچلے طبقہ میں قوت خرید پیدا ہو گی تو اس کا نتیجہ یہ ہو گا کہ مارکیٹ میں اشیاء کی طلب پیدا ہو جائے گی۔ اس سے دو فائدے ہوں گے۔ اول تو طلب کے بڑھنے سے کاروباری افراد کو فائدہ ہو گا اور یہ ہو گا کہ ان اشیاء کی قیمتیں منطقی طور پر بڑھنا شروع ہو گی دوم یہ کہ طلب میں اضافہ اور قیمتوں کے بڑھنے کے رجحان کو دیکھتے ہوئے سرمایہ دار طبقہ ان اشیاء کی رسد بڑھانے کے لئے مزید سرمایہ کاری کرنے پر مجبور ہو

دنیا کے تمام ایام بھی فوت ہو جائیں تو تشنگی کو تسکین نہیں دے سکتے وہ صبر سے کام لیں اور اس کا بدلہ جنت ہے۔

اس حکم میں یہ حکمت پوشیدہ ہے کہ محروم طبقہ اگر صبر کا دامن ہاتھ سے چھوڑ دیتا ہے تو ظاہر بات ہے کہ وہ اپنی اس حالت سے مجبور ہو کر بغاوت پر آمادہ ہو گا جس سے معاشرہ میں طبقاتی کشمکش جنم پذیر ہو گی اور معاشرہ میں معاشی ابتری اور انارکی پیدا ہو جائے گی لہٰذا اسلام نے یہاں بھی اعتدال کے دامن کو ہاتھ سے نہیں جانے دیا بلکہ دونوں طبقات کے حقوق و فرائض واضح کر دیئے اور روزہ میں یہ حالت خصوصی ہو جاتی ہے یہاں تک حکم فرمایا کہ روزہ کی حالت میں مزدور سے کم محنت کرائی لیکن مزدوری میں کمی کا حکم نہیں دیا اور تاکید یہ کہ اس کا پسینہ خشک ہونے سے پہلے ادا کر دو۔ مقصد یہ کہ معاشرے میں استحصالی طبقہ پیدا نہ ہو جس کی وجہ سے پورے معاشرے میں بگاڑ پیدا ہو جاتا ہے۔

مزید ارشاد فرماتے ہیں کہ تمام مسلمان باہم برادرانہ سلوک روا رکھیں کوئی محمود و ایاز کی تقسیم نہ ہو خصوصاً فقراء سے بہتر سلوک کیا جائے۔

اس حکم میں معاشی حکمت یہ ہے کہ جب معاشرے کے تمام افراد ایک دوسرے سے مواسات و مواخات کے اصول پر عمل پیرا ہوں گے تو ہر شخص اپنی جگہ پر اطمینان و دل جمعی سے کام کرے گا۔ مزدور سرمایہ دار کو بھائی سمجھتے ہوئے اس کے نفع و نقصان کا خیال کرے گا اور سرمایہ کار مزدور کو بھائی سمجھتے ہوئے اس کا مزید خیال اس کرے گا اس طرح معاشرہ باہم متحد ہو کر ترقی جدوجہد کرے گا۔ اور معاشی فلاح کی منزل بہت جلد سر کر سکے گا۔

نبی آخر الزماں مزید ارشاد فرماتے ہیں کہ اس ماہ مبارک میں مومن کا رزق بھی بڑھ جاتا ہے۔ یعنی کوئی یہ خیال نہ کرے کہ اگر میں اپنے مال سے کچھ خرچ کر دوں گا کمی واقع ہو گی ہرگز نہیں کیونکہ اول تو یہ کہ خدا تعالیٰ رازق ہی جس نے پہلے دیا وہ خرچ کے بعد بھی دے گا اللہ پھر زیادہ کا وعدہ، دوم یہ کہ ان کے خرچ کرنے سے بہت سے گھرانوں کو روزگار میسر ہو جائے گا معاشرے کے ایک طبقہ کی قوت خرید پیدا یا بڑھ جائے گی جس کا بالواسطہ اثر ان تمام سرمایہ کاروں پر پڑے گا جو اللہ کی راہ میں ان طبقات پہ خرچ کرتے رہتے ہیں یا رہیں گے۔

یہ ایک ناقابل تردید حقیقت ہے کہ رمضان المبارک میں سوائے منکرات کے تمام کاروبار پہلے کی نسبت بڑھ جاتے ہیں ہر شخص کا نفع بڑھتا ہے۔ اور بیشتر کاروبار کا انحصار بھی رمضان المبارک پر ہوتا ہے۔

ہر شخص اس ماہ مبارک میں خریدار اور فروخت ہوتا ہے۔ ظاہر بات ہے کہ اس سے بالواسطہ معاشرے کی معاشی حالات پر اثرات مرتب ہوتے ہیں۔

اور پھر رسول مقبول صلعم یہ بھی فرماتے ہیں کہ ایک شخص کو کھانا کھلانے پر بہت سے گناہوں سے مغفرت ہو جاتی ہے۔ حوض کوثر سے پیاس بجھائی جاتی ہے اور پھر کھانے کی تاکید بھی نہیں حسب استطاعت۔ دراصل اسلام میں بخل کا وجود نہیں یہاں تک خود رسول اکرم صلعم بخل اور بزدلی سے پناہ مانگتے تھے اور ارتکاز دولت کی بنیاد ہی دراصل بخل ہے اسی لئے اس کی بیخ کنی کے لئے یہ ارشاد ہے کہ اگر کسی کے پاس زیادہ نہیں تو صرف لسی یا کھجور کے ایک دانے سے افطار کرا دے اور پھر پیٹ بھر کر کھانا کھلانے پر حوض کوثر کا اجر میں ایک حکمت یہ بھی ہے کہ روزہ میں زیادہ شدت پیاس کی ہوتی ہے لہٰذا اس حکمت کے تحت ثواب بتایا گیا۔ مثلاً معاشرہ کا کوئی فرد بھی بھوکا نہ رہے اور ہر شخص کم از کم اس قابل ضرور ہو کہ وہ اپنی بنیادی ضروریات کو پورا کر سکے اسی کے لئے رمضان المبارک میں اسلام نے مختلف طریقوں پر احکامات صادر فرمائے ہیں۔ اگر اسلام کے ان زریں تابناک اصولوں پر آج بھی اسی طرح عمل ہو جس طرح انسانوں کے تمام نظام اب معیشت ناکام ثابت ہو چکے ہیں۔ غور کر لیا جائے تو کم از کم مسلمان ممالک میں معاشی بدحالی، اخلاقی ابتری، تجارتی عدم توازن اور طبقاتی کشمکش کا وجود نہ صرف ختم ہو جائے بلکہ خواب و خیال کا روپ دھار لے مگر کاش ایسا ہو۔

میں اگر سوختہ ساماں ہوں تو یہ روز سیاہ
خود دکھایا ہے مرے گھر کے چراغاں نے مجھے

ماہ صیام غریبوں کی بھوک کا احساس دلاتا ہے

دودھ کی لسی یا ایک کھجور کا دانہ اور پانی کا گھونٹ۔

۶۔ کسی روزہ دار کو پیٹ بھر کر کھانا کھلانے کے صلے میں حوض کوثر سے سیراب ہو گا اس کے بعد کبھی پیاس نہیں لگے گی۔

اب مندرجہ بالا حدیث مبارکہ کی معاشی نقطہ نگاہ سے تشریح کرتے ہیں۔

۱۔ فرمایا گیا کہ نفل کا ثواب فرض اور فرض کا ستر گنا اجر ملے گا۔

یہ بات تو ہر مسلمان کے علم میں ہے کہ اسلام نے کچھ امور و ضوابط اپنے ماننے والوں پر فرض کئے ہیں مثلاً زکوٰۃ، نماز، حج اور روزہ وغیرہ اور کچھ باتیں ایسی ہیں جو فرض تو نہیں البتہ اگر ان کو اپنایا جائے اور ان پر عمل کیا جائے تو باعث اجر و ثواب ہوں گی مثلاً خیرات و صدقات وغیرہ ہیں۔

اسلام نے اپنے معاشی نظام کی بنیاد منصفانہ (مساویانہ نہیں) تقسیم دولت پر رکھی ہے۔ اسی کے لئے زکوٰۃ کو فرض اور خیرات و امداد کو نفل کا درجہ دیا ہے یعنی بالفاظ دیگر اگر معاشرے میں ایسے لوگ ہیں جن کے پاس ضرورت سے زائد مال و دولت جمع ہو گیا ہے۔ تو ان پر ایک نصاب کے مطابق دولت کا کچھ حصہ ان لوگوں کو دینا جو بنیادی ضروریات سے محروم ہیں۔ فرض کر دیا گیا۔ اور یہاں تک کہ اگر کوئی شخص اس فرض سے روگردانی کرے تو اسلامی حکومت اس سے بالجبر وصول کر سکتی ہے۔

لیکن اگر زکوٰۃ کی تقسیم سے بھی معاشرہ میں منصفانہ تقسیم دولت ممکن نہ ہو تو صاحب ثروت افراد کو اسلام نے ترغیب دی گئی ہے کہ وہ فرض کے علاوہ بھی اپنے مستحق بھائیوں کی امداد کریں تاکہ معاشرہ سے معاشی ناہمواری دور ہو سکے۔

گا۔ اور جب سرمایہ کاری میں اضافہ ہو گا تو اس کے مزید نتائج اس طرح برآمد ہوں گے کہ اول تو ملک میں اشیاء کی رسد بڑھ جانے سے قیمتیں معمول پر آئیں گی۔ دوم اشیاء کی پیداوار میں اضافہ کے لئے نئی فیکٹریاں قائم ہوں گی جن کے لئے مزید افرادی قوت (LABOUR) کی ضرورت ہو گی۔ اس سے بہت سے بے روزگاروں کو روزگار میسر آ جائے گا سوم یہ کہ جب اشیاء کی مقدار میں اس قدر اضافہ ہو جائے گا کہ اندرون ملک قیمتیں گرنا شروع ہوں تو سرمایہ کار بیرون ملک منڈیاں تلاش کرنے کی جستجو کریں گے۔ اور اس طرح ملک کو قیمتی زر مبادلہ بھی میسر آ جائے گا۔ جو مزید معاشی فلاح کی جانب ایک قدم ہو گا۔

اسی لئے رسول اکرم صلعم نے فرمایا کہ جو لوگ صرف زکوٰۃ ادا نہیں کر سکتے ان کے لئے سنہری موقع ہے کہ وہ اپنے فرض کا ستر گنا اجر پائیں اور پھر ایک خاص معاشی حکمت یہ ہے کہ سرمایہ دار ہمیشہ منافع اندوزی کی طرف رجوع کرتا ہے۔ لہٰذا اس حکمت کے تحت ان کو ستر گنا بڑھ جانے کا نوید سنائی اور پھر نفل یعنی اگر زکوٰۃ کے بعد بھی معاشرے میں ناہمواری قائم رہ سکتی ہے تو مالدار افراد پر خیرات نفل کی بجائے فرض کا درجہ لے لیتی ہے کہ وہ غریب افراد لوگوں کو سہارا دینے کے لئے اپنا فرض پورا کریں۔

اسلام یہ تو نہیں کہتا کہ لوگوں سے زبردستی دولت چھین لی جائے۔ البتہ یہ ضرور کہتا ہے کہ اصحاب دولت پر محرومین کا بھی حق ہے۔ اور لفظ حق قابل غور ہے۔ یعنی یہ کوئی غریب پر احسان نہیں بلکہ ان کا حق ہے جو اللہ تعالیٰ نے ان پر عائد کیا ہے۔ اسی لئے اسلامی معاشرے میں دولت کی منصفانہ تقسیم چاہتا ہے۔ تاکہ کسی طبقہ کی حق تلفی نہ ہو اور معاشرہ میں ایسا بگاڑ پیدا نہ ہو جائے کہ ایک طرف لوگوں پر بے حد مال و اسباب جمع ہو جائے کہ اس کے شمار کرنے اور دیکھ بھال کرنے کے لئے بھی ملازمین کی ضرورت ہو اور دوسری طرف ایک طبقہ نان شبینہ تک کے لیے محتاج ہو اسلام اس صورت حال کو ظالمانہ اور غیر انسانی قرار دیتا ہے۔

ایک طرف اصحاب دولت کے لئے تو یہ حکم ہے لیکن دوسری طرف یہ ارشاد ہوتا ہے کہ یہ صبر کا مہینہ ہے جس کا بدلہ جنت ہے یعنی وہ طبقہ جو اپنی محنت کے باوجود ماہ

دنیا کا بڑا

دنیا کا سب سے بڑا ملک رقبے کے لحاظ سے
